© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں ایک ......ترجمہ و مفاہیم قرآن کریم ...... تعلیمی نصاب...... (جلد اول) ہے...... اسے ادارہ التنزیل پاکستان نے شائع کیا ہے...... یہ کتاب سید ھادی محدث، حمید صفار ہرندی، ابوالفضل علامی کی مرتب کردہ اور محمد باقر رضا صاحب کی ترجمہ کردہ ہے...... اس کی تصحیح سید علی عباس نقوی صاحب نے کی ہے...... قرآن فہمی کے حوالہ سے اہل تشیع کی جانب سے ان کے اپنے نکتہ نظر کے مطابق یہ ایک خوبصورت کوشش ہے...... یہ کتاب ایک نصاب کی صورت میں مرتب کی گئی ہے مقدمہ کتاب کے مطابق...... اس نصاب میں بارہ سو سے زیادہ قرآن کے الفاظ کو ایک تعلیمی نصاب کی صورت میں اور قرآنی آیات سے استفادہ کرتے ہوئے پیش کیا گیا ہے جن میں سے دوتہائی الفاظ' قرآن کے زیادہ استعمال ہونے والے الفاظ (دس بار سے زیادہ استعمال ہونے والے) ہیں...... یہ نصاب اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ قرآن سیکھنے والے حضرات ایسی بہت سی سادہ آیات کا مفہوم سمجھ سکتے ہیں جو انہی الفاظ سے تشکیل پائی ہیں...... اور چونکہ تقریبا سارے قرآنی اہم مفاہیم و مطالب ان آیات میں موجود ہیں لہذا مفاہیم قرآنی تک ان حضرات کی رسائی بآسانی ہوجائے گی...... یہ نصاب ۴۸۔ اسباق اور تین جلدوں پر مشتمل ہے۔ اصل کتاب فارسی میں تھی جس کا آسان ترجمہ پیش کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے...... چار حصوں پر مشتمل اس جلد اول میں پہلا حصہ اللہ کی معرفت' دوسرا حصہ وحی اور نبوت' تیسرا حصہ قرآن' اور چوتھا حصہ ولایت کا ہے...... خوبصورت دبیز کاغذ پر خوبصورت رنگوں کے استعمال سے کتاب کو مزین کیا گیا ہے...... کتاب قابلِ دید ہے...... اور اہل تشیع کے اطفال و جوانان کے لئے قرآن فہمی اور معتقدات شیعہ کو سمجھنے کا ایک اچھا وسیلہ ہے...... جناب محترم علامہ ثاقب اکبر صاحب نے ہمیں یہ کتاب گفٹ کی ہم ان کے شکر گزار ہیں......

کتاب کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے:...... مکان نمبر ۲۹۹۔ اسٹریٹ ۶۷، جی ۹...... ایریا اسلام آباد کراچی نیز یہ کتاب درج ذیل پتہ پر مل سکتی ہے:...... سید خاور رضا' اسلامک سی ڈی اینڈ بک سینٹر دوکان نمبر ۴'

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سیدہ حلیمہ سعدیہ کی آغوش میں......۱۶ ربیع الاول

زینت ایونیوز دپاک محرم ہال پرانی نمائش کراچی......لاہور میں یہ کتاب دفتر تنظیم غلامان آل عمران' کوچہ قاضی خانہ اندرون موچی دروازہ پر دستیاب ہے......کتاب کی قیمت ۲۰۰ روپے درج ہے اور اس قیمت میں ۲۵۶ صفحات کی یہ کتاب مہنگی نہیں......

ایک اور تحفہ ہمیں موسیقی اور سماع نامی کتاب کا موصول ہوا ہے جو عربی ترجمہ ہے ایضاح الدلالات فی سماع الآلات کا جس کے مصنف معروف عالم وصوفی بزرگ حضرت الشیخ عبدالغنی بن اسماعیل نابلسی رحمۃ اللہ علیہ ہیں......آپ شامی الاصل ہیں......۲۵۰ سے زاید کتب کے مصنف ومؤلف اور زہد وتقوی میں کامل واکمل......بقول مترجم (مولانا ابومحمد اعجاز احمد) موسیقی وسماع کا مسئلہ دورِ جدید میں بہت اہمیت پارہا ہے کیونکہ اب قریبا تمام ہی عالم میں موسیقی کا چلن عام ہو چکا ہے۔اور اس کے ساتھ غزل' قصائد' اور ملی ترانے بھی لازمی حیثیت اختیار کر چکے ہیں' جہاں تک ایسے سماع (قوالی) کا تعلق ہے جس میں میوزک و موسیقی کے آلات کا کوئی استعمال نہ ہو تو اس کے جواز میں اسلام کی ابتداء تا ایں زمانہ کوئی اختلاف نہیں رہا' تمام تر ائمہ اسلام و بانیان مذاہب فقہ نے اس کے جواز کا قول بیان فرمایا ہے۔مدار اختلاف ایسا سماع ہے جس میں میوزک وموسیقی کے آلات کا بھی استعمال کیا جائے۔اس بحث کے جواز اور عدم جواز پر صدیوں سے بحث مباحثے جاری ہیں اور تقریبا ہر دور میں اس موضوع پر خامہ فرسائی بھی کی گئی ہے۔ہم نے اسی مقصد کے لئے اس کتاب کا اردو ترجمہ کیا ہے تا کہ ہر مسلمان اس مسئلہ کے بارے میں خود دلائل شریعت کا مطالعہ کرے اور اپنے لئے راہ عمل اختیار کرے......کتاب دیدہ زیب سرورق اور عمدہ کاغذ پر طبع ہوئی ہے ۲۱۱ صفحات پر مشتمل اس کتاب کا ہدیہ ۴۰۰ روپے ہے۔کتاب ملنے کا پتہ: دارالبیان جامع مسجد سکینہ' ڈیفنس فیز ۸ خیابان شاہین کراچی رابطہ 0321-2166548

ایک تحفہ اس بار ہمیں اسلام آباد سے ملا ہے جس کا عنوان ہے......اسلامی جمہوریہ پاکستان میں صرف ایک عید......کتاب بابائے عربی مولانا محمد بشیر صاحب آف سیالکوٹ کی لکھی ہوئی ہے......اور دارالعلم آب پارہ مارکیٹ اسلام آباد سے شائع ہوئی ہے......کتاب رویت ہلال کے موضوع پر ہے اور اس میں عید اور رویت ہلال کے بارے میں مختلف علماء کے فتاوی کو یکجا کیا گیا ہے۔دارالافتاء سعودی عرب کے فتاوی' شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز کے فتاوی' شیخ صالح الفوزان کے فتاوی' اسلامی نظریاتی کونسل کے فیصلے' مولانا مفتی محمد یوسف لدھیانوی کے فتاوی' پاکستان میں نافذ رویت ہلال کا شرعی نظام' مولانا پروفیسر منیب الرحمٰن چیئرمین رویت ہلال کمیٹی کا انٹرویو' مولانا محمد عبداللہ سابق چیئرمین رویت ہلال کمیٹی کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انٹرویو' جامعہ فاروقیہ' جامعہ اسلامیہ ڈابھیل بھارت کا فتوی' مفتی عبدالقیوم خانپوری کا فتوی' مولانا صلاح الدین یوسف کا فتوی' مولانا تقی عثمانی کا فتوی' مولانا شہاب الدین پوپلزئی خطیب جامع مسجد قاسم پشاور سے انٹرویو' اور رویت ہلال کمیٹی کے بارے میں ان کے تحفظات' اور دیگر متعدد علماء کے فتاوی شامل ہیں ............رویت ہلال پر اختلاف کو کیسے ختم کیا جائے......اس کتاب کے مشمولات میں شامل ہے......۱۴۰ صفحات پر مشتمل اس کتاب کا ہدیہ درج نہیں' دارالعلم آب پارہ مارکیٹ اسلام آباد سے کتاب منگوائی جاسکتی ہے......

ایک اور تحفہ ہمیں جناب مقصود احمد صاحب نے عنایت کیا ہے جو ایک مختصر مگر جامع کتاب کی صورت میں ہے اور یہ ہے......فقہ حنفی میں حالات و زمانہ کی رعایت (فتاوی رضویہ کی روشنی میں) کتاب میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ فقہ میں ضرورت زمانہ کی رعایت کی کس قدر گنجائش ہے اور فقہی احکام جمود نہیں نمو وارتقاء پذیر ہیں' جو لوگ فقہ کے حوالے سے یہ کہتے ہیں کہ یہ محض اندھی تقلید پر مبنی ہیں اور ان میں وقت کے تقاضوں کی رعایت نہیں کی جاتی نیز وہ جو فقہ حنفی کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں کہ اس میں لچک نہیں ......انہیں اس کتاب کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے......کتاب میں ستر سے زاید ایسے مسائل بیان ہوئے ہیں جن میں ایک سے زاید بار اجتہاد ہوا ہے اور حالات زمانہ کی رعایت کے پیش نظر فتوی اور حکم تبدیل ہوئے ہیں......۹۶ صفحات پر مشتمل کتاب کا ہدیہ سو روپے ہے......کتاب میں مذکور مسائل میں سے بعض جدید نوعیت کے ہیں مثلاً زمین بٹائی پر دینا' یہودیوں کی پوشاک طیلسان کا پہننا' بہار سے قبل پھلوں کی بیع' غیر کفو میں نکاح' اسپرٹ آمیز دواؤں کا حکم' متعدد ناجائز اوقاف و بیوع و قرض کی اباحت' مفقود الخبر کے بارے نیا حکم' معدومۃ النفقہ کا فسخ نکاح......وغیرہ............

☆......☆......☆


# امام وخطیب کی شرعی ومعاشرتی حیثیت

مزید اضافوں کے ساتھ نیا ایڈیشن ملک کے تمام معروف مکتبوں پر دستیاب

ہر امام وخطیب کے ذوق مطالعہ کے لئے، ۱۸۴ صفحات، قیمت ۲۰۰ روپے

مؤلف: نور احمد شاہتاز، ناشر: اسکالرز اکیڈمی پوسٹ بکس ۷۷۷۷ گلشن اقبال کراچی


© rasailojaraid.com